برونکوسکوپی

مریضوں کے لیے معلومات

برونکوسکوپی کو ہوا کی نالی کا منظر دیکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو سکے اس میں کیا پیچیدگیاں ہیں۔



یہ کتابچہ برونکوسکوپی سے متعلق آگاہی فراہم کرتا ہے اور مریضوں اور ان کے اہل خانہ کے اکثر پوچھے جانے والے سوالوں کے جوابات مہیا کرتا ہے۔

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance
Registered Office: Stadium Road, P.O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

برونکوسکوپی

برونکوسکوپی کیا ہے؟

اس ٹیسٹ کے ذریعے آپ کا معالج سانس کی نالی اور پھیپڑوں میں ہوا کی تھیلیوں کا براہ راست معائنہ کرسکتا ہے۔ یہ ٹیسٹ عموماً اینڈوسکوپی سوئیٹ (Endoscopy Suite/D-2) وارڈ میں ہوتا ہے۔

یہ ٹیسٹ کیوں کیا جاتا ہے؟

یہ ٹیسٹ دو مقاصد کے لیے ہوتا ہے۔

- تشخیصی مقاصد کے لئے۔
- علاج کے لیے۔

اس ٹیسٹ میں کیا ہوتا ہے؟

اس ٹیسٹ میں ایک لمبی پینسل جتنی چوڑی لچکدار نلکی جس کے آخری سرے پر ایک روشن بلب ہوتا ہے (برونکوسکوپ کہلاتا ہے) ناک کے ذریعے، آلہءصوت (Voice Box) کے پیچھے سے سانس کی نالی (Trachea) سے نیچے، برونکیل ٹیوبز (سانس کی چھوٹی نالیاں) تک لائی جاتی ہے۔ آپ کا معالج برونکوسکوپ (Bronchoscope) کے ذریعے کچھ رطوبت یا خلیوں کے نمونے (Biopsy) حاصل کر کے تجربہ گاہ میں مشاہدے کے لئے بھجواسکتا ہے۔

میں معائنہ کے لیے تیاری کیسے کروں؟

- معائنہ سے قبل معالج کے مشورے کے مطابق مندرجہ ذیل خون کے ٹیسٹ اور ان کی رپورٹس اور ایکسرے اگر کوئی ہے تو ضرور دستیاب ہونا چاہیے۔ خون ٹیسٹ میں APTT,PT,HB(Hemoglobin), Plateletcount شامل ہیں۔
- معائنے سے چھ گھنٹے پہلے کھانا اور پینا بند کر دیں۔
- اپنے تمام زیورات بمعہ ناک کی کیل (Nose Pin) وغیرہ گھر چھوڑ آئیں۔
- پروسیجر کے بعد آپ کو گھر لے جانے کے لئے کسی کو اپنے ساتھ لائیں۔
- کانٹیک لینس، مصنوعی دانت اور اعضاء استعمال نہ کریں۔

- اپنی تمام رپورٹیں اور ایکسرے اپنے ساتھ لائیں۔

داخلہ والے دن:

- اینڈوسکوپی سوئیٹ (Endoscopy Suite) میں اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق میں خود کو رجسٹر کروائیں۔

اینڈوسکوپی والے کمرے میں کیا ہوگا؟

- آپ کے معالج/نرس معائنے کے بارے میں وضاحت کریں گے اور آپ سے رضامندی نامے پر دستخط لیے جائیں گے۔
- اگر آپ کے ذہن میں کسی بھی قسم کا کوئی سوال ہو تو اپنے معالج سے پوچھیں۔ اگر آپ کو دمہ کی تکلیف، کسی قسم کی الرجی یا کبھی کسی دوسرے ٹیسٹ سے کوئی ری ایکشن ہوا ہے تو اپنے معالج کو ضرور بتائیں۔
- معائنہ سے پہلے آپ کا فشارخون (BP)، نبض، درجہ حرارت، سانس کی رفتار چیک کی جائیں گی۔
- آپ کو ہسپتال کا گاؤن پہننے کے لئے دیا جائے گا اور مصنوعی دانت اور عینک ہٹانے کے لئے کہا جائے گا۔

معائنہ کے دوران کیا ہوگا؟

- آپ کو اسٹریچر پر آرام دہ حالت میں بٹھایا یا لٹایا جائے گا۔

- آپ کی بنیادی حیاتی علامات (Vital Signs) کو چیک کرنے اور معالج کی حسب ضرورت مدد کے لئے ایک نرس آپ کے ساتھ موجود رہے گی۔
- آپ کو سلانے کیلئے ہاتھ یا بازو کی نس میں ایک انجکشن دیا جائے گا۔
- آپ کی ناک اور حلق کے اندر اور پچھلے حصے میں مقامی طور پر سن کرنے کے لئے دوا کا اسپرے کیا جائے گا تا کہ آپ کو کھانسی نہ ہو اور آپ آرام دہ محسوس کریں۔
- جیسے جیسے برونکوسکوپ آپ کی ناک سے گزارا جائے گا مزید سن کرنے والی دوا اس نلکی کے ذریعے اسپرے کی جائے گی تا کہ آپ کا آلہ صوت (Voice Box) سُن کیا جائے۔ اس سے آپ کو کھانسی محسوس ہوگی لیکن جیسے ہی سُن کرنے والی دوا اثر کرے گی آپ کا حلق آرام محسوس کرے گا۔

معائنہ کے بعد کیا ہوگا؟

- آپ کو مکمل آرام کرنا ہوگا جب تک آپ پوری طرح سے بہتر محسوس نہ کریں۔
- آپ کے لئے کچھ کھانا یا پینا مفید نہ ہوگا جب تک کہ آپ کے نگلنے کی صلاحیت پوری طرح سے نارمل نہ ہو جائے جس میں تقریباً 4 گھنٹے لگ سکتے ہیں۔
- ابتداء میں آپ کو منہ کے ذریعے مایعات دیے جائیں گے۔
- آپ کی ناک سے معمولی سا خون یا بلغم میں خون کے ذرات بھی آسکتے ہیں۔ آپ کی آواز بھاری اور حلق میں خراش ہو سکتی ہے۔ گھبرائیے نہیں۔ یہ عام سی بات ہے جو کہ 24 گھنٹے میں بالکل معمول پر آجائے گا۔

معائنہ کے بعد گھر جاتے ہوئے:

- ہسپتال سے فارغ ہونے کے بعد یہ بہت ضروری ہے کہ کوئی آپ کو لینے کے لیے آئے۔
- دن کا باقی حصہ آپ مکمل آرام کریں گے۔ اگر آپ کو غنودگی کا انجکشن یا دوا دی گئی تھی تو نیند کا اثر آپ کی سوچ سے زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔
- آپ کم از کم چھ گھنٹے تک گاڑی نہ چلائیں۔
- کسی بھی قسم کی مشین آپریٹ نہ کریں۔ (صرف پروسیجر والے دن کے لئے)۔
- تمباکو اور شراب نوشی سے گریز کریں۔
- اگلے دن تک آپ اپنے روزمرہ کے کام شروع کر سکتے ہیں۔
- اگر بلغم میں خون آئے یا ناک سے خون بہنا شروع ہو جائے تو اینڈوسکوپی سویٹ یا ایمرجنسی روم میں فوراً مطلع کریں۔

اگر آپ اپنے مقررہ اپائنمنٹ پر نہیں آسکتے تو برائے مہربانی اینڈوسکوپی سوئیٹ میں فون کر کے وقت تبدیل کروالیں۔

مزید رہنمائی اور معلومات کے لئے رجوع کیجئے:

اینڈوسکوپی سوٹ:	ایمرجنسی روم:
پیر سے جمعہ	24 گھنٹے
صبح 8:00 سے شام 5:00 بجے تک	آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی	فون نمبر: 34930051، ایکسٹینشن: 91-1090
فون نمبر: 34930051، ایکسٹینشن: 23-1422	

ICN # S-216616 - July 2018